This Question Paper contains 4 Printed Pages.

1068 **20U(A)**

SCIENCE

Part - II : Biological Science

(Urdu and English Versions)

PARTS A & B

Time : 1 Hour 30 Mins.] *Roll Number :* *[Maximum Marks : 40*

ہدایات:

1. پرچہ سوال کو غور سے پڑھیے اور سمجھیے۔
2. **Part-A** کے تحت دیے گئے سوالات کے جوابات، فراہم کردہ جوابی بیاض میں لکھئے۔
3. **Part-A** تین سیکشنس پر مشتمل ہے: سیکشن-I، II اور III۔
4. **Part-B** کے جوابات کو قوسین میں لکھیں اور **Part-A** کے جوابی بیاض سے منسلک کریں۔
5. ہر سیکشن کے تحت درج شدہ ہدایات کے مطابق جوابات تحریر کریں۔
6. اس پرچہ ہذا میں سوالات کو سمجھنے میں دقت کی صورت میں اسی سے منسلک انگریزی پرچہ سوال سے مدد لیں۔

PART – A

Time : 1 Hour 15 Mins.] *[Marks : 30*

$3 \times 2 = 6$

سیکشن - I

ہدایات:

(i) یہ سیکشن 3 مختصر ترین جوابی سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

(iii) جوابات 3 تا 4 جملوں میں تحریر کریں۔

(iv) ہر سوال کے لیے 2 نشانات مقرر ہیں۔

1. شعاعی ترکیب کے لیے کاربن ڈائی آکسائیڈ ضروری ہے، تجربہ کے ذریعہ ثابت کرنے کے لیے درکار دو کیمیائی اشیاء کے نام لکھئے۔

2. ایک شخص جس کے دونوں گردے مکمل طور پر کام کرنا بند کر چکے ہوں آپ اس کو کونسی دو تجاویز پیش کریں گے بیان کیجئے۔

3. اگر آلودہ کارخانوں کے مادے جھیلوں کے ماحولیاتی نظام میں داخل ہو جائیں تو کیا ہوگا؟

سیکشن - II

3 × 4 = 12

ہدایات:

(i) یہ سیکشن 3 مختصر جوابی سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii) تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب 5 تا 6 جملوں میں لکھئے۔

(iv) ہر سوال کے لیے 4 نشانات مقرر ہیں۔

9642935

4. شعاعی ترکیب کی میکانیت میں روشنی پر غیر منحصر تعامل کے مرحلوں کی وضاحت کیجئے۔

5. آپ اپنے اطراف واکناف میں مشاہدہ کیے ہوئے کوئی چار غیر تجدیدی وسائل کے نام اور ان کے استعمالات بیان کیجئے۔

6. ذیل کی تصویر کا مشاہدہ کیجئے اور ذیل کے سوالات کے جوابات دیجئے:



(i) یہ کس قسم کی خلوی تقسیم کی نمائندگی کرتی ہے؟

(ii) مولد خلیہ میں موجود کروموزومس کی تعداد دختر خلیوں کے مقابلے میں کیسے مختلف ہوتی ہے؟

(iii) یہ خلیاتی تقسیم جسم کے کن خلیات میں واقع ہوتی ہے؟

(iv) اس خلیاتی تقسیم میں ایک مولد خلیہ سے کتنے دختر خلیے تشکیل پاتے ہیں؟

سیکشن - III

2 × 6 = 12

ہدایات:

(i) یہ سیکشن 3 طویل جوابی سوالات مشتمل ہے۔

(ii) کوئی دو سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

(iii) جوابات کو 8 تا 10 جملوں میں تحریر کریں۔

(iv) ہر سوال کے لیے 6 نشانات مقرر ہیں۔

7. انسانی دماغ کے حصوں اور ان کے افعال بیان کیجئے۔

8. پستانیوں کے دل کی اندرونی ساخت کا مشاہدہ کرنے کے لیے تجرباتی طریقہ کار کی وضاحت کریں اور مشاہدات لکھیں۔

9. انسانی تنفسی نظام کی نامزدہ خاکہ کی مدد سے وضاحت کریں۔